لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ یکم جمادی الاول سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۱۰ دسمبر سنہ ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

روبکار محکمہ عالیہ دارالانشا اجلاس بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۶ دسمبر سنہ ۱۹۲۳ء

جملہ زمرہ ہاے فوج کے ملازمون کے تقرر اور ترقی کے متعلق حسب ذیل احکام جاری کئے جاتے ہین۔

الف (۱) ہر زمرہ مین ایک جنرل کمیٹی مشتمبر سکنڈان کمانڈ کمیٹی یا اسکواڈرن کمانڈر اور ایڈجوٹنٹ قائم کیجاے جس مین ان افیسرز مین سے کوئی افیسر نہو۔ تو اس زمرہ کے دیگر تین سینیر

کمیشنڈ افیسرز کی کمیٹی قایم کیجائے۔

(۲) جب سپاہی یا سوار یا ملازم کے تقرر یا نان کمیشنڈ افیسر کے رینک تک ترقی عہدہ کی ضرورت پیش آئے تو بعد معائنہ ڈاکٹری وہ شخص حسب ذیل کمیٹی مین بہیجا جائیگا کمیٹی اپنا اطمینان کرنے کے بعد رپورٹ کریگی۔ اگر کمانڈنگ افیسر کو کمیٹی کی رائے سے اتفاق ہو تو منظوری دیکر احکام جاری کریگا۔ اور اطلاعی رپورٹ صاحب برگیڈ کمانڈر کے پاس بہیجدیگا۔ اگر کمانڈنگ افیسر کو کمیٹی کی رائے سے اتفاق نہو تو وہ اپنے وجوہ کے ساتہ کاغذات صاحب برگیڈ کمانڈر بہادر کے پاس بہیجدیگا۔ جنکا حکم آخر ہوگا۔

(ب) کمیشنڈ افیسرز کے رینک تک ترقی عہدہ یا جدید تقرر کے لئے ایک سلیکشن بورڈ قایم کیا جائیگا جسمین افسران ذیل ہونگے۔

کمانڈنگ آفیسرز جملہ زمرہ ہائے فوج۔ برگیڈ میجر۔ سینیر میڈیکل آفیسر۔

جب کسی شخص کی کمیشنڈ رینک پر ترقی کے لئے کسی زمرہ سے رپورٹ پیش ہو یا صاحب برگیڈ کمانڈر بہادر کسی شخص کو براہ راست کمیشن دینا چاہین تو ایسے اشخاص سلیکشن بورڈ مین بہیجے جائینگے۔ بورڈ انکی قابلیت کے متعلق اپنا نوٹ لکہیگا اسپر صاحب برگیڈ کمانڈر بہادر حسب ذیل کارروائی عمل مین لائینگے۔

(۱) جمعدار کے رینک تک تو صاحب برگیڈ کمانڈر بہادر باختیار خود بصورت اتفاق تجویز سلیکشن بورڈ تقرر یا ترقی کی منظوری دیکر اجرا احکام کرینگے اور اطلاعی رپورٹ مابدولت واقبال کے حضور مین بہیجدینگے۔ اور بصورت اختلاف کاغذات اپنی رائے کے ساتہ مابدولت واقبال کے حضور مین بہیجینگے جہانسے مابدولت سے حکم آخر ہوگا۔

(۲) جمعدار سے اوپر کے رینک پر ترقی یا تقرر کے کاغذات اپنی رائے کے ساتہ اجلاس مابدولت مین بہیجینگے جہانسے مابدولت سے حکم آخر ہوگا۔

(ج) مابدولت واقبال یہ اختیارات محفوظ رکہتے ہین کہ جب مناسب خیال فرمائین ازخود حکم خاص سے فوج کے کسی رینک پر جدید تقرر یا کسی ملازم کو ترقی عطا فرمائین۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تقرر و اضافہ

۶ دسمبر ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر منشی گوپی ناتہ صاحب کا عفو قصور کے بعد بجائے ناظر الحسن صاحب ہوش بمشاہرہ ایکسو پچاس روپیہ ماہوار بعہدہ ممبر بورڈ آف آڈٹ تقرر منظور فرمایا گیا۔ اور مولوی ضیاء اللہ خان صاحب ممبر بورڈ آف آڈٹ کی موجودہ تنخواہ مین پچاس روپیہ ماہوار اضافہ فرمایا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

بحالی

۵ دسمبر ۱۹۲۳ء

سید احمد وکیل درجۂ اول بوجہ بے عنوانی جو تین مہینے کیواسطے وکالت سے معطل کئے گئے تھے اب درخواست معذرت پیش کرنے پر باین شرط کہ آیندہ وہ اپنا کام ٹہیک کرینگے اور کوئی شکایت پیش نہوگی معافی دیکر بحال کئے گئے اور اجازت وکالت دیگئی۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہوگئی ہین۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتہ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹہانا چاہئے۔ خود بہی خرید فرماکر پڑہئے اور احباب کو بہی دکہائیے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چہپ چکا ہے قیمت علاوہ محصولڈاک صرف ۱۲/ ہے۔

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے جسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید و صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے اسکی قیمت بہی علاوہ محصولڈاک ۱۲/ ہے۔

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست معہ رقم جناب کتب خانہ کی خدمت مین ارسال فرمائیے

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری اکتوبر سنہ ۱۹۲۳ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																	از خانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض								
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	دیگر درندہ جانوروں کے کاٹنے سے	طاعون		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۳۲	۱۰	۱۸	۰	۶۰	۵۰	۱۰	۱۲	۷	۲	۰	۱۲	۸	۲۶	۱۵	۳۲	۹	۱	۲	۰	۳۸	۰	۰	۰	۴۱	
گنج	۲۳	۲	۱۷	۱	۴۳	۴۰	۳	۱۷	۷	۲	۳	۱۳	۳۱	۳۲	۱۱	۳۸	۵	۰	۱۰	۰	۳۳	۰	۰	۰	۴۳	
حوالی شہر	۱۶	۴۳	۱۱	۶	۷۶	۴۶	۳۰	۳	۲	۱	۲	۹	۶	۱۳	۱۰	۱۰	۱۳	۰	۰	۰	۲۳	۰	۰	۰	۲۳	
عظیم نگر	۲۸	۲۶	۳۰	۲۸	۱۱۲	۵۸	۵۴	۱۰	۵	۱	۲	۱۷	۸	۲۸	۱۵	۱۸	۲۵	۰	۰	۰	۴۰	۳	۰	۰	۴۳	
شاہ آباد	۲۸	۴۰	۲۷	۵۴	۱۴۹	۵۵	۹۴	۲۵	۸	۱	۰	۱۶	۱۵	۴۲	۲۳	۱۳	۵۲	۰	۰	۰	۶۴	۱	۰	۰	۶۵	
بھوانی	۱۳	۴۲	۹	۳۵	۹۹	۲۲	۷۷	۲	۵	۳	۰	۱۷	۹	۲۶	۱۴	۱۱	۲۹	۰	۰	۰	۴۰	۰	۰	۰	۴۰	
ملک	۱۹	۵۳	۸	۵۲	۱۳۲	۲۷	۱۰۵	۸	۸	۴	۲	۲۲	۱۰	۳۴	۲۰	۷	۴۷	۰	۰	۰	۴۸	۶	۰	۰	۵۴	
بلاسپور	۱۲	۲۱	۵	۱۳	۵۱	۱۷	۳۴	۴	۴	۲	۳	۲۱	۱۵	۲۷	۲۲	۳۱	۱۸	۷	۰	۰	۴۲	۰	۰	۰	۴۹	
کیمری	۱۹	۵۱	۱۳	۳۶	۱۱۹	۳۲	۸۷	۶	۵	۲	۰	۲۷	۱۵	۳۵	۲۰	۲۲	۳۳	۱۰	۰	۲۵	۲۰	۰	۰	۰	۵۵	
سوار	۱۹	۱۷	۲۰	۸	۶۴	۳۹	۲۵	۳	۶	۲	۵	۱۵	۱۰	۲۰	۲۱	۳۰	۱۱	۰	۰	۲۰	۲۱	۰	۰	۰	۴۱	
ٹانڈہ	۱۲	۲۱	۱۸	۱۷	۶۸	۳۰	۳۸	۶	۸	۲	۰	۸	۹	۱۶	۱۷	۲۱	۱۲	۰	۰	۰	۳۳	۰	۰	۰	۳۳	
میزان	۲۲۵	۳۲۶	۱۴۲	۲۵۱	۹۴۴	۳۸۷	۵۷۷	۱۰۰	۶۵	۲۲	۱۷	۱۷۷	۱۳۶	۲۹۹	۲۱۸	۲۲۳	۲۵۴	۱۸	۱۲	۴۵	۴۳۲	۱۰	۰	۰	۵۱۷	

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۳ لغایت ۹ دسمبر ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ار	۷ ار		۸ ار		۸ ار	تحصیل ملک و سوار سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۳ ار	۱۳،۰ ار		۱۶ ار		۱۶ ار	
نخود کسہ آمیز	۱۲ ار	۱۵ ار		۲۰ ار		۱۶ ار	
گستہ	۱۸ ار	۱۵ ار		۲۱ ار		۱۸ ار	
ماش	۱۸ ار			۱۱ ار		۶ ار	
مونگ	۸ ار	۱۰ ار		۰		۶ ار	
مکا	۰	۱۵ ار		۱۵ ار		۱۲ ار	
جئی	۱۴ ار	۰		۱۴ ار		۱۴ ار	
گوجئی	۱۲،۰ ار	۰		۰		۱۳ ار	
مسر	۱۲ ار	۰		۰		۱۲ ار	
ارہر	۰	۰		۰		۱۲ ار	
برنج	۶ ار	۵ ار		۶،۰ ار		۶،۰ ار	
روغن زرد	۷ چھٹانک	۸ چھٹانک		۰ ار		۰ ار	
روغن سیاہ	۲ ار	۲ ار		۱،۰ ار		۲ ار	
روغن کنجد	[illegible]	۱،۰ ار		۱ ار		۱ ار	
نمک سانبھر	۰	۴،۰ ار		۴،۰ ار		۶ ار	
نمک لاہوری	۶ ار	۶ ار		۵ ار		۶ ار	
قند سیاہ	۵ ار	۵ ار		۴،۰ ار		۵ ار	
باجرہ	۱۱ ار	۱۰،۰ ار		۱۲،۰ ار		۱۰ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور